اکثر پوچھے جانے والے سوالات (FAQs)

آغوش (H&N-CCT)

صحت کی خدمات کے معیار اور استفادے کا عنصر

پنجاب ہیومن کیپیٹل انویسٹمنٹ پراجیکٹ

نمبر شمار	سوالات/تصریح	جوابات
1	آغوش پروگرام سے مالی امداد حاصل کرنے کے لیے کیا شرائط ہیں؟	پروگرام میں شامل ہونے کی بنیادی شرائط بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) سے مستفید ہونے والے خاندان سے تعلق (بہو یا خود مستفید) اور حاملہ یا دو سال سے کم عمر بچے کی ماں ہونا ہے۔
2	اگر میرے گھرانے میں کوئی حاملہ خاتون یا دودھ پلانے والی ماں نہ ہو تو کیا پھر بھی میں آغوش پروگرام کا حصہ بن سکتا ہوں؟	نہیں، اس پروگرام میں شریک ہونے کے لیے ضروری ہے کہ کوئی خاتون BISP سے مستفید ہونے والے خاندان کی رکن ہونے کے ساتھ ساتھ حاملہ یا دو سال سے کم عمر بچے کی ماں ہو۔
3	میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سے مستفید ہونے والے خاندان کی بہو ہوں لیکن آغوش پروگرام کے تحت ملنے والی مالی امداد میں شامل نہیں ہوں۔	BISP سروے کے بعد BISP مالی امداد پروگرام سے مستفید ہونے والوں میں سے جو خواتین بہو کے طور پر خاندان میں شامل ہوئی ہیں انہیں نادرا آفس جا کر اپنے شجرہ نسب کی تجدید کرانی ہو گی۔ تاکہ BISP سے مستفید ہونے والے کے گھرانے سے رشتہ قائم ہو سکے۔
4	کیا آغوش پروگرام، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی طرف سے شروع کیا جا رہا ہے؟	نہیں، یہ پروگرام پنجاب حکومت کی طرف سے پنجاب سوشل پروٹیکشن اتھارٹی اور محکمہ صحت کے ذریعے ورلڈ بینک کے تعاون سے شروع کیا جا رہا ہے۔
5	کیا مجھے آغوش پروگرام کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سے رابطہ کرنا پڑے گا؟	پروگرام کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے، مراکزِ صحت، مثلاً بنیادی مرکز صحت، دیہی صحت مراکز، تحصیل ہیڈ کوارٹرز/ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز (اسپتال) پر جائیں یا محکمہ صحت کی ہیلپ لائن 1221- یا پنجاب سوشل پروٹیکشن اتھارٹی سے درج ذیل نمبر پر رابطہ کریں۔ فون نمبر: 042-99232359-60
6	کیا آغوش پروگرام میں اندراج کے لیے گھر کی دہلیز پر معلومات حاصل کی جائیں گی یا اس کے لیے کوئی اور جگہ	اگر آپ بنیادی اہلیت کے معیار/پیمانے پر پورا اترتے ہیں، تو آپ کو اپنا ڈیٹا قریبی مرکز صحت میں رجسٹر کرانا ہو گا۔

	مختص کی گئی ہے؟	
7	مجھے کیسے معلوم ہوگا کہ میرا نام پروگرام میں شامل ہے	اگر آپ بنیادی اہلیت کے معیار پر پورا اترتے ہیں اور آپ نے اپنا ڈیٹا قریبی بنیادی مرکز صحت میں رجسٹر کرایا ہے، تو آپ کو اپنے موبائل فون پر ٹیکسٹ میسج کے ذریعے مطلع کیا جائے گا۔
8	پروگرام میں اندراج کی کیا فیس ہے؟	پروگرام میں اندراج کی کوئی فیس نہیں ہے۔ اگر کوئی آپ سے مانگے تو براہ کرم فوری طور پر ہیلپ لائن 1221 پر رابطہ کریں۔
9	اگر کسی نے جڑواں بچوں کو جنم دیا ہے، تو کیا آغوش کے پروگرام کے تحت جڑواں بچوں کو مالی امداد کے لیے زیر غور لایا جائے گا؟	جی ہاں، دونوں کو زیر غور لایا جائے گا۔
10	میں حاملہ ہوں اور 18 سال سے کم عمر ہوں جس کی وجہ سے میرا شناختی کارڈ نہیں بن سکا، کیا میں آغوش پروگرام میں رجسٹر ہو سکتی ہوں؟	اس پروگرام میں شامل ہونے کے لیے، آپ کے پاس اپنا شناختی کارڈ ہونا ضروری ہے اور آپ کا تعلق بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سے مستفید ہونے والے خاندان سے ہونا چاہیے، بصورت دیگر آپ صرف ہیلتھ چیک اپ اور مفت ادویات حاصل کر سکیں گی۔
11	میرے پاس ذاتی موبائل اور قومی شناختی کارڈ نہیں ہے۔ مجھے کیا کرنا چاہیے؟	موبائل اور شناختی کارڈ نمبر پروگرام میں شامل ہونے کا واحد ذریعہ ہوں گے، اس لیے ایسی تمام خواتین نادرا آفس جا کر اپنا شناختی کارڈ حاصل کریں اور بنیادی مرکز صحت میں معلومات فراہم کریں۔
12	کیا مالی امداد کے لیے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کا کارڈ پرائمری ہیلتھ سینٹر میں دکھانا پڑے گا؟	نہیں، اس پروگرام کے تحت کی جانے والی ادائیگیوں کے لیے فنگر پرنٹ (بایومیٹرک) تصدیقی عمل کا استعمال کیا جا رہا ہے۔ صرف تصدیق کی صورت میں، عورت بینک کی طرف سے مقرر کردہ مراکز (پے پوائنٹس) سے رقم نکال سکے گی، بشرطیکہ وہ محکمہ صحت کے مقرر کردہ شیڈول کے مطابق تشخیص اور زچگی کی سہولیات کے فوائد حاصل کرے۔
13	میرے فنگر پرنٹس کی حالت اچھی نہیں ہیں، مجھے آغوش پروگرام میں شامل کرنے کے لیے کیا کرنا ہوگا؟	اس صورت میں آپ کو شناخت / تصدیق کے عمل کے لیے بینک آف پنجاب کی قریبی برانچ میں جانا ہوگا۔
14	کیا میرا نمائندہ رقم نکالنے کے لیے جا سکتا ہے؟	نہیں، کیونکہ صارف کی بایومیٹرک تصدیق رقم نکالنے کے لیے ایک شرط ہے۔
15	کیا رقم بینک کے ذریعے حاصل کی جا سکتی ہے؟	پروگرام سے مستفید ہونے والی خواتین کی سہولت کے لیے بینک آف پنجاب کی طرف سے نامزد کردہ قریبی HBL کنیکٹ مراکز پر مقامی سطح پر رقم نکالنے کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ تاہم جن خواتین کی فنگر پرنٹ کی خرابی کی وجہ سے شناخت نہیں ہو سکتی انہیں شناخت کے لیے بینک کی برانچ میں جانا ہوگا۔
16	ہیلتھ اینڈ نیوٹریشن کنڈیشنل کیش ٹرانسفر (H&N-CCT) پروگرام کا بنیادی مقصد کیا ہے؟	اس پروگرام کا بنیادی مقصد ماں اور بچے کی صحت اور غذائیت کا خیال رکھنا ہے۔ جس کے تحت حاملہ خواتین اور دو سال سے کم عمر بچوں کی مائیں اس سے مستفید ہو سکتی ہیں۔ اس پروگرام میں حاملہ خواتین کے سہ ماہی طبّی معائنے، تربیت یافتہ عملے کے ساتھ زچگی کا عمل، دو سال سے کم عمر کے بچوں کے لیے حفاظتی ٹیکوں کے کورس، پیدائش کا اندراج، غذائیت، حفظان صحت اور خاندانی منصوبہ بندی سے

		متعلق آگاہی شامل ہیں۔
17	اگر کوئی مستفید ہونے والی عورت زچگی کے دو سال کے اندر دوبارہ حاملہ ہو جاتی ہے، تو کیا وہ دوبارہ مشروط کیش ٹرانسفر (H&N-CCT) پروگرام کا حصہ بن سکتی ہے؟	نہیں، اس صورت میں پروگرام کے لیے خاتون کی اہلیت منسوخ کر دی جائے گی۔